## وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو، عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی

## قائد تحریک الطاف حسین نے بھی وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی

## گفتگو میں ملک کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال، رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو کرپشن کے خاتمہ کیلئے کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ کرپشن کے خاتمہ کیلئے بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔رحمٰن ملک

## ایم کیوایم ملک سے کرپشن اور لوٹ مار کا خاتمہ چاہتی ہے اور وہ اس سلسلے میں کی جانے والی ہر مخلصانہ کوشش کا بھرپور ساتھ دے گی۔الطاف حسین

## کراچی میں سی آئی ڈی سینٹر پر ہونے والے بم دھماکے کے متاثرین کی حکومتی سطح پر مدد کی جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 19 نومبر 2010ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے جمعہ کی شب متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے فون پر گفتگو کی اور انہیں عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے بھی رحمان ملک کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔گفتگو میں ملک کی موجودہ صورتحال پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو وفاقی وزارت داخلہ کی جانب سے کرپشن کے خاتمہ کیلئے کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ کرپشن کے خاتمہ کیلئے بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ جناب الطاف حسین نے کرپشن پر قابو پانے کیلئے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ ایم کیوایم ملک سے کرپشن اور لوٹ مار کا خاتمہ چاہتی ہے اور وہ اس سلسلے میں کی جانے والی ہر مخلصانہ کوشش کا بھرپور ساتھ دے گی۔انہوں نے رحمٰن ملک سے کہا کہ کراچی میں سی آئی ڈی سینٹر پر ہونے والے بم دھماکے کے متاثرین کی حکومتی سطح پر مدد کی جائے اور متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ حکومت کی جانب سے متاثرین کی ہر ممکن امداد کی جائے گی۔

## ایم کیوایم امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن گل محمد کے بہنوئی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔19 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن گل محمد کے بہنوئی سلیم احمد ساگر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انھیں صبر کی تلقین کی۔انھوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے انھیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔آمین

## حق پرست عوام فہیم صدیقی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

کراچی۔۔۔19 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سینئر صحافی اور پروگرام جیوایف آئی آر کے میزبان فہیم صدیقی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام خصوصاً ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ فہیم صدیقی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل جمعرات کی شام فہیم صدیقی کی رہائشگاہ جا کر ان کی عیادت کی وہ کچھ دیر تک وہاں رہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی انہیں عید کی مبارکباد دی اور گلدستہ پیش کیا۔اس موقع پر مرکزی انفارمیشن کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## پنجاب کے ممتاز صحافی اور اینکر ذوالفقار احمد راحت سندھو کی خوشدامن کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔ 19 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے ممتاز صحافی اور اینکر **ذوالفقار احمد راحت** سندھو کی خوشدامن کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ذوالفقار راحت سندھو اوران کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## حق پرست ارکان اسمبلی نے متاثرین سی آئی ڈی میں قربانی کا گوشت تقسیم کیا اور انہیں عید کی مبارکباد دی

کراچی۔۔۔19/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرحق پرست ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم اور طاہر قریشی نے عیدالاضحیٰ سی آئی ڈی سینٹر بم دھماکے کے متاثرین کے ہمراہ منائی اور متاثرین کے گھروں پر جاکر ان سے ملاقات کی ،انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی اور تمام متاثرین میں گوشت اور دیگر امدادی سامان تقسیم بھی کیا۔عیدالاضحیٰ کے موقع پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے گوشت اور یگر امداد کی تقسیم پر سی آئی ڈی سینٹر بم دھماکے متاثرین نے قائد تحریک الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا اور ان کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں کیں ،حق پرست منتخب عوامی نمائندے رات گئے تک متاثرین کے ساتھ رہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز ایک گائے قربان کی گئی جس کا گوشت بھی متاثرین سی آئی ڈی میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت اور مقیم عالم نے تقسیم کیا۔

## الطاف حسین کا پیغام ملک کے گوشے گوشے میں پھیل چکا ہے، مصطفیٰ کمال
## ریکارڈ تعداد میں قربانی کی کھالیں عطیہ کرنے والے عوام سے اظہار تشکر

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

پاکستان کے عوام نے ایم کیوایم کو ایک مرتبہ پھر قربانی کھالیں دیکر قائدتحریک جناب الطاف حسین پر اپنے بھرپور اندھے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔عوام نے اس مرتبہ بھی بڑی تعداد میں قربانی کھالیں عطیہ کیں اور اس حوالے سے ایم کیوایم نے کھالوں کی تعداد کے حوالے سے اپنا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا ہے ۔یہ امر اس بات کا غماز ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کا پیغام ملک کے گوشے گوشے میں پھیل چکا ہے اور عوام کے دلوں کو چھو چکا ہے۔ہم قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ریکارڈ تعداد میں قربانی کی کھالیں ایم کیو ایم کو عطیہ کرنے پر اظہار تشکر کرتے ہیں یہ بات متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے چیف ٹرسٹی مصطفیٰ کمال نے عید کے تیسرے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کھالوں کے حصول کیلئے قائم کیے گئے مرکزی کلکشن کیمپ واقعہ نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی فیڈرل بی ایریا میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہی اس موقع پر ایم کیوایم کے دیگر ارکان رابطہ کمیٹی شعیب بخاری ،رضاہارون ، واسع جلیل اور طارق میر کے علاوہ حق پرست صوبائی وزیر عادل دصدیقی بھی موجود تھے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ عوام کو قائدتحریک جناب الطاف حسین پر یہ بھرپور اعتماد اس عید پر تازہ ہوا کا ایک جھونکا ہے اور ایک نوید لیکر آیا ہے اس عید سے بہت سارے پیغامات ملے ہیں اور خاموش انقلاب دستک دے رہا ہے۔اس عید نے عوام کا قائد تحریک جناب الطاف حسین پر بھرپور اعتماد ثابت کر دیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی آواز پر ملک بھر میں ایم کیوایم کے لاکھوں کارکنوں نے اپنی عید کی خوشیاں قربان کر کے کھالیں جمع کیں ۔اللہ کا شکر ہے کہ الطاف حسین کی ایک آواز پر ریکارڈ تعداد میں کھالیں جمع ہوئیں اور ایم کیوایم نے اپنا ہی ریکارڈ توڑ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے باعث اس سال قربانی کم ہوئی ہیں اس کے باوجود عوام نے ایم کیوایم کو بہت بڑی تعداد میں کھالیں عطیہ کیں۔انہوں نے بتایا کہ کھالوں کے حصول کیلئے ایم کیوایم نے پنجاب میں لاہور،قصور،ننکانہ،اوکاڑہ،شیخوپورہ،ملتان،خانیوال،وہاڑی،مظفر گڑھ،رحیم یار خان،ساہیوال،پاک پتن،بھاولپور،فیصل آباد سرگودھا ، جھنگ ، حافظ آباد ، سیالکوٹ ، گجرات ، میانوالی ،سندھ کے 19 زون حیدرآباد ،میرپورخاص،سکھر،نوابشاہ، سانگھڑ،ٹنڈو الہیار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹھہ، نوشہروفیروز، بدین، لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو،قمبر شہدادکوٹ، کشمور، جیکب آباد، بلوچستان میں کوئٹہ، بولان ،نصیرآباد، سبی، پشین، خیبرپختونخواہ میں ایبٹ آباد، مانسہرہ کے علاوہ گلگت بلتستان میں اسکردو اور گھانچی وغیرہ میں ایم کیوایم کے تنظیمی زونوں اور یونٹوں میں قربانی کی کھالوں کے حصول کیلئے کیمپ قائم کیے گئے تھے جہاں عوام نے بہت بڑی

تعداد میں ایم کیوایم کوقربانی کی کھالیں عطیہ کیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کسی بھی قدرتی آفت، زلزلہ اورسیلاب وغیرہ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کا کام کبھی ایک منٹ کیلئے بندنہیں ہوا جبکہ عام حالات میں خدمت خلق فاؤنڈیشن ناداروں، غریبوں، ضرورت مندوں کو ماہانہ نقدرقوم امداد کرنے کے علاوہ ان کے بچیوں کی شادی کیلئے مالی اعانت کرتی ہے۔سال کا کوئی دن ایسانہیں ہوتا جب خدمت خلق فاؤنڈیشن خدمت کا کام نہ کررہی ہو۔تعلیمی اداروں، اسپتالوں کا قیام، ایمبولینس سروس، میت بسیں، ڈسپنسریاں اوردیگرعوامی فلاحی وامدادی کام سب کے سامنے ہے۔حیدرآباد میں عنقریب 70 بستروں کا ایک اسپتال کام شروع کردیگا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت عیدالاضحیٰ کے تیسرے روزبھی کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزادکشمیراورگلگت بلتستان میں بہت بڑی تعداد میں چرم قربانی جمع کی گئی

کراچی۔۔۔19، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعیدالاضحیٰ کے تیسرے روزبھی کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزادکشمیراورگلگت بلتستان کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں چرم قربانی کی کھالیں فلاحی سرگرمیوں کیلئے عطیہ کیں اورقائدتحریک الطاف حسین پراعتماد کا بھرپوراظہارکیا۔چرم قربانی کے حصول کے سلسلے میں کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت فیڈرل بی ایریا میں واقع نذیرحسین میڈیکل یونیورسٹی کے طارق گراؤنڈ میں چرم قربانی کے حصول کیلئے مرکزی کلیکشن کیمپ قائم کیا گیا تھا جبکہ شہر بھرمیں سیکٹرزاوریونٹ کی سطح پردوہزار سے زائد کلیکشن پوائنٹ کام کررہے تھے جہاں ہزاروں کارکنان کھالوں کے حصول کیلئے شب روزمحنت اورپوری لگن سے مصروف عمل تھے۔ قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعطیہ کرنے کے حوالے سے عوام میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آیا، جمعے کوعیدالاضحیٰ کے تیسرے روزبھی نہ صرف لوگوں بلکہ خواتین کی بہت بڑی تعداد نے اپنی ذاتی گاڑیوں، موٹرسائیکلوں، رکشوں، سائیکلوں اور پیدل بھی قربانی کی کھالیں ایم کیوایم کے مرکزنائن زیرواورشہربھرمیں قائم کلیکشن پوائنٹ پرپہنچائیں اوریہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہا۔مرکزی کلیکشن پوائنٹ سمیت شہربھرمیں سیکٹراوریونٹ کی سطح پرقائم کئے گئے کلیکشن پوائنٹس پر چرم قربانی کے ڈھیر دکھائی دیئے۔ایم کیوایم کے کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں پرمشتمل سینکڑوں ٹیمیں چرم قربانی کے کاموں میں مصروف رہیں جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویزانیس احمدقائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست وزراء نے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے کاموں میں حصہ لیااورکارکنان ورضاکاران کے درمیان موجودرہے اوراس دوران ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین لندن سے وقتاًوقتاً ایم کیوایم کے کارکنان خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کی خیریت معلوم کرتے رہے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے مرکزی کیمپ میں عوام سے ازخودبھی چرم قربانی وصول کیں اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے بڑھ چڑھ کرقربانی کی کھالیں عطیہ کرنے پرانہیں خراج تحسین پیش کیا۔رابطہ کمیٹی نے قربانی کی کھالیں لیکرآنے والے لوگوں کے جذبے کوسراہا۔

☆☆☆☆☆